# 10-09-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ نومنتخب نائب صدر رادھا کرشنن نے اپنی کامیابی کو قوم پرست نظریہ کی جیت قرار دیتے ہوئے عزم ظاہر کیا کہ وہ 2047 تک ہندوستان کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کے لیے کام کریں گے۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ سے درخواست کی ہے کہ وہ 98.20ا ایکڑ دفاعی زمین ریاستی حکومت کو منتقل کریں تاکہ مجوزہ گاندھی سرووَر منصوبہ مکمل ہو سکے۔

۳۔ نیپال میں جاری غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر تلنگانہ حکومت نے نئی دہلی میں تلنگانہ بھون پر ایک ہنگامی ہیلپ لائن قائم کی ہے۔

اور

۴۔ مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ پنشنرز کے مسائل حل کرنے اور ان کی ضروریات پوری کرنے کی ذمہ داری متعلقہ محکموں کی ہے، نہ کہ پنشنرز کی۔

HELPLINE:

نیپال میں موجودہ غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر، تلنگانہ حکومت نے نئی دہلی میں واقع تلنگانہ بھون میں ایک ایمرجنسی ہیلپ لائن قائم کی ہے تاکہ نیپال میں ممکنہ طور پر پھنسے ہوئے ریاست تلنگانہ کے شہریوں کو مدد فراہم کی جا سکے۔ حکومت نے واضح کیا ہے کہ اب تک دستیاب معلومات کے مطابق ہمالیائی ملک میں کوئی بھی تلنگانہ شہری کسی مشکل یا پریشانی کا شکار نہیں ہے۔ تاہم، احتیاطی تدابیر کے تحت وزارت خارجہ اور کٹھمنڈو میں ہندوستانی سفارت خانے کے ساتھ قریبی رابطے میں رہتے ہوئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

BANDI

ہائی کورٹ کی جانب سے گروپ 1 نتائج کو منسوخ کرنے کے فیصلے کے بعد کئی گروپ 1 امیدواروں نے آج حیدرآباد میں مرکزی وزیر مملکت برائے داخلی امور بنڈی سنجے کمار سے ملاقات کی اور ان کی بے روزگار نوجوانوں کے لیے مسلسل حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ امیدواروں نے بنڈی سنجے کو گلدستہ اور شال پیش کی۔ اس موقع پر امیدواروں نے یاد دلایا کہ کس طرح بنڈی سنجے ان کے ساتھ ان کی جدوجہد کے دوران ڈٹے رہے۔ بنڈی سنجے نے امیدواروں کو تمام مشکلات کے باوجود ان کی ثابت قدمی اور عزم پر مبارکباد دی اور یقین دلایا کہ وہ بے روزگار نوجوانوں کو انصاف دلانے کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

GANDHI SAROVAR:

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج دہلی میں مرکزی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ سے ملاقات کی اور گاندھی سرووَر پروجیکٹ کے لیے 98.20 ایکڑ دفاعی زمین ریاستی حکومت کو منتقل کرنے کی درخواست کی۔ ریونت ریڈی نے وضاحت کی کہ یہ منصوبہ موسی اور عیسی ندیوں کے سنگم پر بنایا جا رہا ہے، جس کا مرکزی عنصر ' گاندھی سرکل آف یونٹی' ہوگا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گاندھی سرووَر قومی یکجہتی اور گاندھیائی اقدار کی علامت کے طور پر ابھرے گا اور ساتھ ہی ایک ثقافتی و تفریحی مقام کے طور پر بھی ترقی کرے گا۔ انہوں نے وزیر دفاع کو آگاہ کیا کہ اس پروجیکٹ میں علم کا مرکز، مراقبہ گاؤں، ہینڈلوم پروموشن سنٹر، عوامی تفریحی سہولیات، خوبصورت مناظر، دریا کنارے گھاٹ اور امن کے موضوع پر عجائب گھر شامل ہوں گے۔

AILAMMA:

وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی نے آج تلنگانہ کی مسلح جدوجہد کی علامتی جہد کار چاکلی آئیلاماں کی برسی کے

موقع پرانہیں بھرپور خراج پیش کیا۔ وزیراعلیٰ نے دہلی میں ان کے پورٹریٹ پر پھول چڑھائے اور کہا کہ آئیلاماں ظلم و جبر کے خلاف مزاحمت کی علامت تھیں۔ وہ ایک سچی سپاہی تھیں جنھوں نے تقریباً 80 سال پہلے تلنگانہ کی سرزمین پر جاگیردارانہ ظلم کے خلاف اپنی آواز بلند کی تھی۔

WEATHER:

تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں شدید بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ ہندوستانی محکمہ موسمیات کے مطابق ان اضلاع میں کہیں کہیں شدید بارش متوقع ہے جن میں عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، نرمل، نظام آباد، راجنا سرسلہ، جیاشنکر بھوپال پلی، محبوب آباد، سدی پیٹ، میدک اور کاماریڈی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ تلنگانہ کے تمام اضلاع میں کہیں کہیں آندھی، گرج چمک کے ساتھ بارش اور تیز ہواؤں کا امکان بھی ہے۔ محکمہ موسمیات نے ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔ آج دوپہر حیدرآباد کے کچھ علاقوں میں ہلکی بارش ریکارڈ کی گئی۔ انڈیا میٹرولوجیکل سینٹر نے حیدرآباد کے لیے موسم کا بلیٹن جاری کرتے ہوئے شہریوں کو محتاط رہنے کا مشورہ دیا ہے۔

ZOO:

یومِ شہدائے جنگلات کی تقاریب کے پیش نظر نہرو زولوجیکل پارک کل صبح 11 بجے سے عام عوام کے لیے کھلا رہے گا۔ اس موقع پر یومِ شہداء کا خصوصی پروگرام صبح 8:30 بجے زو کے احاطہ میں واقع فارسٹ شہیدان پائلون پر منعقد ہوگا۔ اس تقریب میں ریاستی وزیر جنگلات کونڈا سوریکھا مہمانِ خصوصی ہوں گی جبکہ تلنگانہ فاریسٹ ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے چیرمین پی ویریا اعزازی مہمان کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ احمد ندیم، پرنسپل سیکریٹری (ماحولیات و جنگلات)، ڈاکٹر سی سورنا، پرنسپل چیف کنزرویٹر آف فاریسٹ، ایلوسنگھ میرو، چیف وائلڈ لائف وارڈن اور دیگر سینئر حکام تمام شرکاء جنگلات کے شہداء کو خراج پیش کریں گے۔

PENSION ADALAT:

عملہ،عوامی شکایات و پنشن کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج نئی دہلی میں منعقدہ 14 ویں آل انڈیا پنشن عدالت کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ پنشن سے متعلق شکایات کو حل کرنے میں ایک عوام دوست رویہ اپنانا وقت کی ضرورت ہے۔ وزیر نے زور دیا کہ پنشنرز کے مسائل حل کرنے کی ذمہ داری متعلقہ محکموں کی ہے، نہ کہ وظیفہ یابوں کی۔ انہوں نے تمام محکموں کو ہدایت دی کہ وہ نہ صرف شکایت کے ازالے کے بعد فیڈ بیک لیں بلکہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ایسی شکایات دوبارہ نہ ہوں۔ انہوں نے تجاویز دی کہ شکایات کو تیزی سے نمٹانے، وقت کی بچت اور افرادی قوت کے مؤثر استعمال کے لیے مصنوعی ذہانت پر مبنی ٹولز کا استعمال کیا جائے تاکہ دستاویزات اور حقائق کی فوری تصدیق ممکن ہو سکے۔

ASIA CUP:

ایشیا کپ کرکٹ ٹورنمنٹ میں ٹیم انڈیا آج دبئی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں میزبان متحدہ عرب امارات کے خلاف اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔ یہ میچ گروپ 'اے' کے تحت کھیلا جائے گا۔ کل شب ابوظہبی میں کھیلے گئے افتتاحی میچ میں افغانستان نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہانگ کانگ کو 94 رنز سے شکست دی۔ یہ میچ گروپ 'بی' کے تحت کھیلا گیا جس میں سری لنکا اور بنگلہ دیش بھی شامل ہیں۔ گروپ کی ٹاپ دو ٹیمیں سوپر فور مرحلے میں داخل ہوں گی۔

SEETHAKKA:

ریاستی پنچایت راج کی وزیر دانا سری انوسویا سیتا اکا آج میونسپل ورکر ایم مہیش کے گھر پہنچیں، جنہوں نے حال ہی میں خودکشی کر لی تھی۔ وزیر نے مہیش کے افرادِ خاندان کو پرسہ دیا اور پانچ لاکھ روپے کا ایکس گریشیا چیک حوالے کیا۔ انہوں نے یقین دلایا کہ باقی بقایا انشورنس رقم بھی جلد فراہم کر دی جائے گی۔ میڈیا سے گفتگو میں وزیر نے اپوزیشن جماعتوں سے اپیل کی کہ اس سانحہ کو سیاسی رنگ نہ دیا جائے۔

Sound Byte

TGSRTC

تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن نے ''یاترا دانم'' نامی ایک نئی اسکیم کا اعلان کیا ہے، جس کے تحت یتیم بچوں، بے سہارا بزرگ افراد اور معذور طلبہ کو مذہبی مقامات، سیاحتی مقامات اور سیر و تفریح کے لیے خصوصی مواقع پر لے جایا جائے گا۔ اس مقصد کے لیے کارپوریشن بسیں فراہم کرے گی جبکہ اخراجات عطیات سے پورے کیے جائیں گے۔ اس اسکیم کا پوسٹر کل ٹرانسپورٹ اور بی سی ویلفیئر وزیر پونم پربھاکر نے لانچ کیا۔ اس موقع پر نائب صدر نشین و منیجنگ ڈائرکٹر وی سی سجنار اور ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز بھی موجود تھے۔ اس مہم کے لیے دلچسپی رکھنے والے افراد، عوامی نمائندے، کارپوریٹ ادارے، این آر آئیز، انجمنیں اور این جی اوز سفرات کو اسپانسر کر سکتے ہیں۔

VP:

نو منتخب نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے اپنی کامیابی کو قوم پرستانہ نظریہ کی جیت قرار دیا اور کہا کہ ان کا مقصد 2047 تک ہندوستان کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانا ہے۔ نائب صدر کے انتخاب میں انہوں نے 152 ووٹوں کے فرق سے کامیابی حاصل کی۔ رادھا کرشنن نے 452 ووٹ حاصل کیے جبکہ ان کے مد مقابل بی سدھرشن ریڈی کو 300 ووٹ ملے۔ کامیابی کے بعد اپنی پہلی عوامی تقریر میں انہوں نے کہا کہ اپوزیشن اتحاد نے اسے نظریاتی جنگ قرار دیا تھا، لیکن ووٹنگ کے نتائج سے ظاہر ہے کہ قوم پرست نظریہ کامیاب ہوا ہے۔ رادھا کرشنن نے زور دیا کہ اگر ہمیں ہندوستان کو 2047 تک ترقی یافتہ ملک بنانا ہے تو سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔

ROAD SAFETY

سڑکوں کی حفاظت پر قائم سپریم کورٹ کمیٹی کے چیئر مین، جسٹس (ریٹائرڈ) ابھے منوہر ساپرے نے زور دیتے ہوئے کہا کہ حادثات کو روکا جا سکتا ہے، یہ قابلِ پرہیز ہیں اور یہ خدا کی مرضی نہیں ہیں۔ انہوں نے

کہا کہ بھارت میں روزانہ تقریباً 500 افراد جان کی بازی ہار جاتے ہیں اور ہر گھنٹے میں 25 اموات سڑک حادثات کے باعث واقع ہوتی ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ سڑک حادثات میں اموات کو کم کرنے کے لیے مشترکہ ذمہ داری قبول کرنی ہوگی۔ جسٹس ساپرے حیدرآباد میں ریاستی حکومت کی جانب سے سڑک حادثات کی روک تھام کے لیے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لینے کے بعد ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ سپریم کورٹ کمیٹی کی تشکیل اعلیٰ عدالت کی مداخلت کے بعد اس لیے عمل میں آئی کیونکہ حادثات سنگین سماجی اور معاشی اثرات مرتب کرتے ہیں۔ اجلاس میں ریاست کے چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ نے کمیٹی چیئرمین کو ریاستی حکومت کے اقدامات سے آگاہ کیا۔ ہوم سکریٹری روی گپتا نے تلنگانہ حکومت کی سڑکوں کی حفاظت کے حوالے سے پختہ وابستگی کا اعادہ کیا۔ ڈائریکٹر جنرل پولیس ڈاکٹر جتیندر نے اس موقع پر کہا کہ ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل درآمد کے لیے مصنوعی ذہانت اور ڈیٹا اینالیٹکس کا استعمال کیا جا رہا ہے۔

OO